عقائد اہلسنت کو سمجھنے کیلئے ایک عام فہم اور آسان کتاب
کتاب العقائد
www.NAFSEISLAM.COM
"THE NATURAL PHILOSOPHY
OF AHLE SUNNAH WAL JAMAAT"
صدر الافاضل
سید محمد نعیم الدین مراد آبادی
مکتبہ مہر العصر رضویہ
جامکے روڈ نزد مسجد نور، ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

عقائد اہلسنت کو سمجھنے کے لئے ایک
عام فہم اور آسان کتاب
کتاب العقائد
صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی
مکتبہ مہریہ رضویہ
جاگے روڈ نزد مسجد نور ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

وعلیٰ آلک واصحابک یارسول اللہ

کتاب ــــــــــ کتاب العقائد

مؤلف ــــــــــ صدرالافاضل سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

پروف ریڈنگ ــــــــــ حافظ محمد نجیب اللہ قادری

تعداد ــــــــــ گیارہ سو

اشاعت ــــــــــ باراول اگست 2001ء

کمپوزنگ ــــــــــ قادری کمپوزنگ سنٹر رضا سٹریٹ کالج روڈ ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

ناشر ــــــــــ مکتبہ مہریہ رضویہ ڈسکہ

قیمت ــــــــــ 15 روپے

ملنے کا پتہ:۔

مکتبہ جمالِ کرم

9۔ مرکز الاویس (سنت ہوٹل) دربار مارکیٹ۔ لاہور فون: 7324948

السلام، حضرت صالح علیہ السلام، حضور سید المرسلین محمد رسول اللہ ﷺ۔

﴿انبیاء کے رتبے﴾

انبیاء کے مراتب میں فرق ہے۔ بعض کے رتبے بعضوں سے اعلیٰ ہیں۔ سب سے بڑا رتبہ ہمارے آقا و مولیٰ سید الانبیاء (نبیوں کے سردار) محمد مصطفیٰ ﷺ کا ہے حضور خاتم النبیین ہیں اللہ تعالیٰ نے نبوت کا سلسلہ حضور پر ختم فرمادیا۔ حضور کے زمانے میں یا حضور کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی۔ جو شخص حضور کے بعد کسی کو نبوت ملنا جائز سمجھے وہ کافر ہو جاتا ہے، تمام انبیاء کو جو کمالات جدا جدا عنایت ہوئے وہ سب اللہ تعالیٰ نے حضور کی ذات عالی میں جمع فرمادیے اور حضور کے خاص کمالات بہت زائد ہیں۔ حضور اللہ کے محبوب ہیں۔ خدا کی راہ انبیاء ہی کے ذریعہ سے ملتی ہے اور انسان کی نجات کا دارومدار انہیں کی فرمانبرداری پر ہے۔

﴿سوالات﴾

سوال: کیا جن اور فرشتے بھی نبی ہوتے ہیں؟

جواب: نہیں! نبی صرف انسانوں میں سے ہوتے ہیں اور ان میں سے بھی فقط مرد کوئی عورت نبی نہیں ہوتی۔

سوال: کیا غیر نبی کے پاس بھی وحی آتی ہے؟

جواب: وحی غیر نبی کے پاس نہیں آتی، جو اس کا قائل ہو وہ کافر ہے۔

اشارے سے چاند کو دو ٹکڑے کر دینا، انگلیوں سے چشمے جاری کرنا۔ ایسی باتیں اگر نبوت کا دعویٰ کرنے والے سے اس کی تائید میں ظاہر ہوں ان کو معجزہ کہتے ہیں معجزات انبیاء سے بہت ظاہر ہوتے رہتے ہیں اور یہ ان کی نبوت کی دلیل ہیں۔ معجزات دیکھ کر آدمی کا دل نبی کی سچائی کا یقین کر لیتا ہے جس کے ہاتھ سے قدرت کی ایسی نشانیاں ظاہر ہوتی ہیں جن کے مقابل سب لوگ عاجز و حیران ہیں ضرور وہ خدا کا بھیجا ہوا ہے چاہے ضدی دشمن نہ مانے مگر دل یقین کر ہی لیتا ہے اور عقل والے ایمان لے آتے ہیں۔

کوئی جھوٹا نبوت کا دعویٰ کر کے معجزہ ہر گز نہیں دکھا سکتا قدرت اسکی تائید نہیں فرماتی۔ ہمارے حضور سید انبیاء (نبیوں کے سردار) ﷺ کے معجزات بہت زیادہ ہیں۔ ان میں سے معراج شریف بہت مشہور معجزہ ہے حضور رات کے تھوڑے سے حصہ میں مکہ معظمہ سے بیت المقدس تشریف لے گئے وہاں انبیاء کی امامت فرمائی بیت المقدس سے آسمانوں پر تشریف لے گئے۔

اللہ تعالیٰ کے قرب (نزدیکی) کا وہ مرتبہ پایا کہ کبھی کسی انسان یا فرشتے، نبی یا رسول نے نہ پایا تھا۔ خداوند عالم کا جمال پاک اپنی مبارک آنکھوں سے دیکھا، کلام الٰہی سنا، آسمان و زمین کے تمام ملک ملاحظہ فرمائے ، جنتوں کی سیر کی، دوزخ کا معائنہ فرمایا مکہ معظمہ سے بیت المقدس تک راہ